## امیر جماعت اسلامی سید منور حسن سے الطاف حسین کا ٹیلی فون پر رابطہ
## ملک کی سلامتی و بقاء اور خود مختاری کے لئے باہمی مشاورت اور تعاون اتفاق
## ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پاکستان کو غیر ملکی امداد اور خیرات سے نجات دلائی جائے، الطاف حسین
## ملک کی سلامتی و بقاء کیلئے سیاسی جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے، منور حسن

لندن۔۔۔20، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اسلامی کے مرکز منصورہ فون کر کے امیر جماعت اسلامی سید منور حسن سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی ایشوز اور پاکستان کو درپیش داخلی و خارجی خطرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ملک کی سلامتی و بقاء اور خود مختاری کے لئے باہمی مشاورت اور تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ جناب الطاف حسین نے سید منور حسن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جن مصائب و مشکلات اور اندرونی و بیرونی خطرات کا شکار ہے اس سے نمٹنے کیلئے محبّ وطن سیاسی و مذہبی جماعتوں کو کم سے کم نقاط پر متحد ہو کر لائحہ عمل بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پاکستان کو غیر ملکی امداد اور خیرات سے نجات دلائی جائے تاکہ وطن عزیز کو اسکے پیروں پر کھڑا کیا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے آر جی ایس ٹی اور پاکستان میں غیر ملکی مداخلت کے خلاف جماعت اسلامی کے مؤقف کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام محبّ وطن جماعتوں کو قومی غیرت وحمیت کو اولین ترجیح دینی چاہیئے۔ سید منور حسن نے جناب الطاف حسین کے خیالات کو مثبت اور خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی و بقاء کیلئے سیاسی جماعتوں کے درمیان اہداف اور مقاصد کے حوالہ سے ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر سب کو اعتماد میں لیکر آگے بڑھا جائے تو پاکستان کی بقاء و سلامتی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے لائحہ عمل مرتب کیا جاسکتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کی خیریت دریافت کی اور مستقبل میں باہمی مشاورت، رابطوں اور تعاون پر اتفاق کیا گیا۔

## سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر وسیم سجاد اور الطاف حسین کے درمیان ٹیلی فون پر رابطہ
## ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے تمام جماعتوں کے ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے پر اتفاق
## ملک وقوم کی خاطر سیاسی مفادات کو قربان اور جرات مندانہ فیصلے کرنے ہونگے، الطاف حسین
## ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے تمام پارٹیز کانفرنس کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے، وسیم سجاد

لندن۔۔۔20، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلم لیگ (ق) کے رہنماء اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر وسیم سجاد سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور ملک وقوم کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے لائحہ عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے پر مکمل اتفاق کیا۔ جناب الطاف حسین نے وسیم سجاد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، ملک کی معاشی صورتحال تباہ کن ہے اور پاکستان کے ہر شعبہ میں کرپشن ایک ناسور کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ محبّ وطن سیاسی قوتوں کو مل بیٹھ کر فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ ملک وقوم کو غیر ملکی بھیک اور امداد سے نجات دلانے اور ملک کی سلامتی و بقاء اور خود مختاری کیلئے خلوص دل سے جرات مندانہ فیصلے کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو تیل، گیس، کوئلہ اور معدنیات کے ذخائر کی نعمت سے مالا مال کر رکھا ہے اور ہمیں چاہیئے کہ ہم ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے قدرت کی ان نعمتوں سے استفادہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی و مذہبی جماعت پاکستان کی سلامتی و بقاء اور خود مختاری کے تحفظ کیلئے تنہا کچھ نہیں کر سکتی لہٰذا جس کو بھی پاکستان اور اس کے عوام کا درد ہے اسے وطن عزیز کی خاطر قربانی دینے کیلئے تیار ہونا ہوگا میدان عمل میں آنا ہوگا کیونکہ ملک وقوم کی خاطر سیاسی مفادات کو قربان کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آر جی ایس ٹی پر ایم کیوایم نے اصولی مؤقف اختیار کیا ہے۔ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے اور ہمارے نمائندے اپنے ووٹروں کو جوابدہ ہیں اور ایم کیوایم کسی بھی صورت ریفارمڈ جنرل سیلز ٹیکس کے نفاذ کی حمایت نہیں کر سکتی۔ وسیم سجاد نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے تجویز دی کہ ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ پاکستان کی آزادی اور خود مختاری کا معاملہ ہے لہٰذا ہم سب کو ذاتی مفادات کے بجائے پاکستان کے بارے میں سوچنا چاہیئے۔ پاکستان، ہمارا گھر ہے اور اپنے گھر کے تحفظ کیلئے ہمیں مشکل فیصلے کرنے سے ہرگز گریز نہیں کرنا چاہیئے۔ وسیم سجاد نے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور ان کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم ایک ذمہ دار سیاسی جماعت ہے اور کبھی کوئی ایسا فیصلہ نہیں کرے گی جس سے ملک میں عدم استحکام ہو، ڈاکٹر فاروق ستار
## موجودہ صورتحال میں ملک عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا ہے، صدر آصف زرداری سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد۔۔۔(اسٹاف رپوٹرر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک ذمہ دار سیاسی جماعت ہے اور کبھی کوئی ایسا فیصلہ نہیں کرے گی جس سے ملک میں عدم استحکام ہو اور موجودہ صورتحال میں ملک عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا ہے۔ہم جو بھی فیصلے کریں گے وہ ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں کریں گے اور ہماری اتحاد جماعت نے اس بات کی یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ اہم ایشوز پر مشاورت کے ساتھ فیصلے کیے جائیں گے اور فیصلہ سازی میں بھی اتحادیوں کو اعتماد لیا جائیگا اس معاملے میں ہماری توقع سے پہلے ہی ہمیں صدر پاکستان کے قدامات کا جواب ملنے کی امید ہے۔یہ بات انہوں نے پیر کے روز ایم کیوایم کے پانچ رکنی وفد کے ہمراہ ایوان صدر اسلام آباد میں صدر پاکستان آصف علی زرداری سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس سے قبل ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے ایم کیوایم کے پانچ رکنی وفد رکن رابطہ کمیٹی وصوبائی وزیر رضا ہارون، وفاقی وزیر بابر خان غوری، قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی اور صوبائی وزیر سندھ عادل صدیقی کے ہمراہ صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ صدر پاکستان نے ایم کیوایم کے وفد کی شکایات اور تشویش کو کھلے دل سے سنا، انہوں نے بتایا کہ ہماری ملاقات کا ایک نکاتی ایجنڈا تھا جس پر کل وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے بھی ملاقات کی تھی وہ نکتہ ذوالفقار مرزا وزیر داخلہ سندھ کا بیان تھا صدر پاکستان آصف علی زرداری نے بھی ہماری تشویش کو غور سے سنا اور اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ اس معاملے کو پارٹی اور حکومتی سطح پر دیکھا جائیگا۔صدر پاکستان نے انتہائی سنجیدگی سے اس معاملے کو سنا اور نوٹس لیا اور فوری ایکشن لینے کی یقین دہانی بھی کرائی ایم کیوایم کے وفد نے صدر پاکستان آصف زرداری کو ذوالفقار مرزا کے بیان کی ڈی وی ڈی (DVD) بھی دی اور دکھائی، صدر پاکستان کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ اس معاملے پر وہ ہماری مکمل تسلی کیلئے جو بھی قدم اٹھائیں گے اس سے ایسے مسائل جو بار بار درپیش آتے ہیں ان کا آئندہ بھی سدباب ہوسکے گا اور اب تک ہونے والے نقصان کا بھی ازالہ ہوسکے گا۔انہوں نے مختلف سوالات کے جواب میں کہا کہ ہماری دلچسپی تو یہ ہے کہ وزیر داخلہ کے بیان سے مرتب ہونے والے اثرات یا ان کے بیان میں ہونیوالی دل آزاری کا ازالہ کیا جائے، اس بات پر ہم نے مذاکرات کیے انہوں نے کہا کہ ایسی صورت میں ورکنگ ریلشین شپ متاثر ہوتی ہے اور مشترکہ اہداف کو حاصل کرنے میں دشواری پیش آئیگی۔انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے فلاح و بہبود کیلئے مل جل کر کام کرنا چاہتے ہیں اور ہم معاملات کو کنٹرول نہ کرسکے تو ہم سیاسی قوتیں ناکام ہوں گی ہمیں ایسے تمام معاملات پر نظر رکھنی چاہیے اور ایسی تمام چیزوں کا سدباب ہونا چاہئے جس سے غلط فہمیاں پیدا ہوں اور ایک دوسرے کی دل آزاری ہو۔انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہمیں صدر پاکستان آصف علی زرداری جو کہ پارٹی کے بھی سربراہ ہیں انہوں نے اس بات کی یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ ہماری تسلی اور اطمینان کے مطابق کوئی اقدامات کریں گے۔اس موقع پر وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے صحافیوں کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے وفد نے ہماری جماعت اور ملک کے سربراہ کے پاس اپنا مقدمہ رکھا ہے اور ایم کیوایم کے ساتھیوں نے فیصلہ صدر پاکستان پر چھوڑ دیا ہے اور صدر پاکستان نے ایم کیوایم کے دفد کو اس بات کی یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ اس معاملے پر جلد ایکشن لیا جائیگا۔ایم کیوایم کے وفد کو صدر پاکستان کی اس یقین دہانی پر تسلی بھی ہوئی ہے اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم ایک ذمہ دار سیاسی جماعت ہے اور کئی بھی ایسا فیصلہ نہیں کرے گی جس سے ملک میں عدم استحکام ہو اور موجودہ صورتحال میں ملک عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا، ہم جو بھی فیصلے کریں گے وہ ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں کریں گے اور ہماری اتحادی جماعت نے اس بات کی یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ اہم ایشو پر مشاورت کے ساتھ فیصلے کیے جائیں گے اور فیصلہ سازی میں بھی اتحادیوں کو اعتماد میں لیا جائیگا اس معاملے پر ہماری توقع سے پہلے ہی ہمیں صدر پاکستان کے اقدامات کا جواب ملنے کی امید ہے۔اس موقع پر وزیر قانون بابر اعوان نے کہا کہ ہم ایم کیوایم کے انتہائی مشکور ہیں کل انہوں نے بحیثیت اتحادی جماعت وزیر اعظم پاکستان اور آج صدر پاکستان آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور اپنے تحفظات اور مسائل سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی سطح پر اتحادیوں کے درمیان کسی قسم کی کوئی غلط فہمی نہیں ہے ایجنڈا صرف وزیر داخلہ سندھ کے بیان تھا اس کے علاوہ تمام اتحادی جماعتیں اس جمہوری عمل کو لے کر آگے بڑھنے کیلئے پرعزم ہیں اور اپنی اپنی جگہ اس پر مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان بے نظیر بھٹو کی برسی کے سلسلے میں سندھ جارہے ہیں اور اس مسئلے کا حل بھی وہاں نکلے گا انہوں نے کہا ک کراچی معیشت کے لحاظ سے ایک اہم شہر ہے اور پچھلے تین سالوں وہاں کے معاملات باہمی صلاح ومشورے سے چلا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاست میں ڈیڈ لائن توجہ دلاؤ نوٹس ہوتا ہے ہم نے اس توجہ دلاؤ نوٹس پر پوری توجہ مرکوز کردی ہے۔

## فرانس کے قونصل جنرل کی متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔20،دسمبر2010ء

کراچی میں متعین فرانس کے قونصل جنرل CHRISTIAN RAMAGE نے پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر برائے امور نوجوان فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، پاکستان کو درپیش چیلنجز،عوامی مسائل اور دیگر امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔فرانس کے قونصل جنرل CHRISTIAN RAMAGE نے باہمی رابطوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ فرانس کے پارلیمنٹ کے اراکین جب دورہ پاکستان کریں گے تو وہ انہیں کہیں گے کہ وہ خصوصی طور پر سندھ بشمول کراچی کا دورہ بھی کریں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پکٹوریل بائیوگرافی بھی CHRISTIAN RAMAGE کو پیش کی۔

## بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں ہونے والا جلسہ عام عظیم الشان کامیابی حاصل کرے گا،رابطہ کمیٹی
## سندھ دھرتی کے مستقل باشندے جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں

کراچی۔۔۔20،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مورخہ 25،دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں اور ثابت کردیں کہ وہ سندھ دھرتی کے باشندوں کے درمیان سازشوں کے ذریعے نفرتیں پھیلانے کا عمل کرنے والوں کے خلاف ہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سندھ دھرتی کے سچے سپوت ہیں اور انہوں نے ہمیشہ سندھ دھرتی کیلئے سایہ دار درخت کا کام انجام دیا اور نفرتوں کی دیوار کو گرایا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سندھ دھرتی کی دوستی کا راگ الاپنے والے بعض عناصر دراصل اس کے سب سے بڑے دشمن ہیں اور دوستی کی آڑ میں سندھ دشمنی کا عملی طور پر کھلا مظاہرہ کرتے آرہے ہیں اور ان کے چہروں سے عوام اچھی طرح واقف ہوچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملاکھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ میں ہونے والا جلسہ عام انشاءاللہ تعالیٰ فقید المثال کامیابی حاصل کرے گا اور سندھ دھرتی کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر کی نیندیں اڑادے گا۔

## ایم کیوایم کے تحت 25 دسمبر کو بھٹ شاہ میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریاں شروع کردی گئیں
## 25 دسمبر کو بھٹ شاہ میں ہونے والا جلسہ عام تمام سازشوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا،اشفاق منگی
## جلسہ عام کے سلسلے میں حیدرآباد زون پر منعقدہ سندھ بھر کے کارکنان کے اجلاس سے خطاب
## رابطہ کمیٹی کے اراکین نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری دی اور رہائشگاہ پر جاکر گدی نشین
## سید نثار حسین شاہ سے ان کے چھوٹے بھائی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا

حیدرآباد۔۔۔20،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں تیاریاں زور وشور سے شروع کردی گئیں ہیں اور حیدرآباد سمیت، بھٹ شاہ،،ٹنڈوآدم،شہدادپور،سانگھڑ،دادو،میرپورخاص،سانگھڑ،نوابشاہ،ٹنڈوالہ یار،جامشورو،عمرکوٹ،ٹھٹھہ،نوشہرفیروز،بدین،لاڑکانہ،خیرپور،شکارپور،گھوٹکی،قمبر شہدادکوٹ،کشمور اور جیک آباد سمیت سندھ کے چھوٹے بڑے شہروں اور قصبوں کے گلیوں،شاہراہوں،اہم چوراہوں پر ایم کیوایم کے پرچم اور جلسہ عام میں شرکت کے دعوتی بینرز لگانے کا کام شروع کردیا گیا ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان شدید سردی کے باوجود گزشتہ رات گئے تک مصروف عمل ہے۔دریں اثناء بھٹ شاہ میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون پر کارکنان کا بڑا اجلاس منعقد ہوا جس میں سندھ بھر کے زونوں کے ذمہ داران وکارکنان اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے خطاب کیا جبکہ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد،سید شاکر علی،اشفاق منگی،ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی،جوائنٹ انچارجز نثار پہنور،مرید بروہی اور اراکین بھی موجود تھے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے صوفیائے کرام کی تعلیمات اور پیغام امن کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کیا ہے اور پاکستان میں جاری ظلم وناانصافی

کے خلاف آواز بلند کرنے میں متحدہ قومی موومنٹ پیش پیش رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے عوام دشمن اور سندھ دشمن منصوبوں کو نہ تو ماضی میں کامیاب ہونے دیا ہے اور نہ ہی وہ آئندہ سندھ کے خلاف کسی سازش کو برداشت کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ایک مرتبہ پھر بعض عناصر سازشوں میں مصروف ہیں تاہم 25دسمبر کو ہونے والا جلسہ عام تمام سازشوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا اور اس دن سندھ دھرتی کے بیٹے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیں گے کہ وہ سازشی عناصر کے جھانسے میں ہرگز نہیں آئیں گے۔علاوہ زیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد، سید شاکر علی اور اشفاق منگی نے سندھ دھرتی کے مشہور معروف صوفی بزرگ شاعر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی۔اس موقع پر انہوں نے 25دسمبر کو ہونے والے جلسہ عام کی فقیدالمثال کامیابی کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔ بعدازاں انہوں نے حضرت شاہ عبدللطیف بھٹائیؒ کے گدی نشین سید نثار حسین شاہ کے گھر جاکر ان کے چھوٹے بھائی سید اظہر حسین شاہ کے انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہچایا۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، صوبائی وزراء نثار پہنور، زبیر احمد خان، اراکین اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی یاور فیصل، ندیم احمد خان، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف اور ایم کیوایم ہالا سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## مانسہرہ کے قریب اسکول وین گہری کھائی میں گرنے سے متعدد طلباء کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔20دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مانسہرہ کے قریب اسکول وین گہری کھائی میں گرنے سے متعدد طلباء کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## کلفٹن میں نوجوان لڑکی کے اغواء میں ملوث سماج دشمن عناصر کو سخت ترین سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے کلفٹن میں سماج دشمن عناصر کے ہاتھوں ایک لڑکی کے اغواء اور اسے زیادتی کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کارسوار سماج دشمن عناصر کی جانب سے نوجوان لڑکی کے اغواء اور اسے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کا واقعہ نہ صرف افسوسناک ہے بلکہ قابل مذمت بھی ہے۔اس درندگی اور وحشیانہ کارروائی میں ملوث عناصر پورے سماج کیلئے ناسور کی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ عناصر کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کلفٹن میں لڑکی کے اغواء اور اسے اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار سماج دشمن عناصر کو جلد از جلد گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی کا گلشن اقبال میں واقعہ روفی ہائٹس اپارٹمنٹ میں گیزر پھٹنے کے نتیجے میں لگنے والی آگ کے دوران متاثرہ فلیٹ کا دورہ جاں بحق اور زخمی ہونیوالے بچوں سے اظہارِ تعزیت وہمدردی

کراچی۔۔۔20، دسمبر 2010ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے گلشن اقبال میں واقعہ روفی ہائٹس اپارٹمنٹ کے فلیٹ میں گیز پھٹنے اور اس کے نتیجے میں لگنے والی آگ کے دوران متاثرہ فلیٹ کا دورہ کیا اور آگ بجھانے کے سلسلے میں امدادی کاموں کا معائنہ بھی کیا۔مزمل قریشی نے واقعہ میں جاں بحق اور زخمی ہونیوالے بچوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انکی مغفرت اور زخمی بچے کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پر گلشن اقبال سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔بعدازاں انہوں نے متاثرہ فیملی کو اپنی اور ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔

☆☆☆☆☆